PAK-QATAR
FAMILY TAKAFUL

پاک قطر

فیملی ویلتھ تکافل پلان

PAK-QATAR
FAMILY TAKAFUL

PAK-QATAR

FAMILY WEALTH TAKAFUL PLAN

PAK-QATAR FAMILY WEALTH TAKAFUL PLAN

Pak-Qatar Family Wealth Takaful Plan is a win-win solution for both your financial protection and long-term savings and investment needs.

Pak-Qatar Family Wealth Takaful Plan combines your need for Takaful protection and your wish for savings growth. The plan facilitates the family heads in providing their loved ones a comfortable and an honorable life through the beauty of regular savings. It accumulates small savings and grows it into a large fund over a period of time to fulfill your dreams for your family.

FREE LOOK PERIOD

The Participant on submission of a written request may cancel the Membership within 14 days of issuance of the Membership if he is not satisfied with any terms and conditions of the Plan. The Takaful Operator will refund the Contribution paid less the amount paid into the IFTPF as the Takaful Contributions.

Furthermore, the Takaful Operator reserves the right to deduct expenses incurred on medical examination of the Participant in connection with the issuance of the Membership.

ELIGIBILITY

Minimum age at entry	18 years
Maximum age at entry	65 years

TERM

Subject to maturity age of 75 years

DEATH BENEFITS

Benefit paid in case of death is:

Cash value + Surplus (if any from IFPTF) or Sum Covered whichever is higher

INDEXATION

The annual contribution of main plan may be indexed at 0%, 5% and 10% per annum compound.

TOP-UP CONTRIBUTIONS

The Participant has the option to make an additional single contribution at any time during the membership term. Minimum

Top-Up contribution amount is Rs. 15,000/-. The charges deducted from the Top-Up contribution are 5% once.

Fund (Strategy)	Potential Reward
Conservative	Low Risks and Steady Growth
Balanced	Balanced Risks and Balanced Growth
Aggressive	High Risks and High Returns
Mustehkam Munafa	Low Risk Fund



Contributions received from Participants by Pak-Qatar Family are divided into two accounts, Participant's Investment Account (PIF) and Waqf Fund. The amount in PIF is invested in Shari'ah compliant business avenues to generate Halal profits. The contribution pooled in Waqf fund is considered Tabarru & is used to pay claims. A Wakala fee(s) is deducted for services rendered in Investment Management and for operating Waqf Fund. Any surplus generated in the Waqf may be distributed back to the Participants at the end of each year.

INVESTMENT MANAGEMENT

Pak-Qatar has set up three investment fund strategies. In each fund a different investment strategy is being followed depending upon the participant's risk-reward appetite. You have the option to switch between these strategies at any time during the year without any charges for up to 3 switches a year.

Minimum Contribution

Annual : 50,000/=
Semi Annual : 25,000-=

A SAMPLE EXAMPLE

Mr. ABC is 40 years old happily-married having 3 children aged 7 years, 5 years and 3 years. The plan specifications and benefits of his Takaful membership are illustrated hereunder:

Assumed Particulars	
Age	40 years
Membership Term	20 years
Contribution Paying Term	20 years
Yearly Contribution	PKR 50,000
Fund Strategy	Balanced:100%
Expected Growth Rate	9%

Benefits Payable	
On Maturity (Cash Value)	PKR 1,850,965
On Death	Higher of Face Value or Cash Value

MEMBERSHIP FEE & FEATURES

a) Admin Fee

Fixed fee of Rs. 165 per month (indexed by 8% in succeeding years).

b) Investment Management Charge

1.50% per annum of Net Asset (NAV), deducted at every pricing.

c) Partial Withdrawal Charge

Partial withdrawal is free during membership.

d) Fund Switching Fee

After 3 fund switches in any year, Takaful operator reserve the right to impose a switch charge which shall not exceed PKR 500 per switch.

e) Allocation Fee

Year	% of regular contribution
1	40.00%
2	20.00%
3	10.00%
4 onward	0.00%

f) Bid Offer Spread

5% of allocated contribution.

DISCLAIMER

- Please treat the above illustration as an example only. Past performance is not indicative of future performance. Market volatility can significantly affect short-term performance. The value of investment can fall as well as rise.
- This product is not guaranteed or covered by MCB Islamic Bank or its affiliates and is not a Bank's product. The Bank is only acting as a distributor in providing this facility and cannot be held responsible for settling claims emanating from this scheme or for the approval or rejection of any claim or any act or omission on the part of the Takaful provider.
- Pak-Qatar Family Wealth Takaful Plan is a savings and investment Plan which is subject to investment risk. The investment risk shall be borne by the participant and actual maturity and surrender values may be lower or higher than the projected figures.
- All Pak-Qatar Family Wealth Takaful Plan applications are processed and approved by Pak-Qatar Family Takaful Limited, as per their underwriting guidelines. "Bank" is not responsible for processing and approval of these applications in any way, whatsoever.
- This brochure only provides an introduction to the benefits available under the plan. A detailed description of how the contracts works is given in "Terms & Conditions" attached with the Participant Membership Document (PMD), which will be provided after the issuance of the certificate.
- The past performance of the investment fund is not necessarily a guide to future performance. Any forecast is not necessarily indicative of future or likely performance of the funds and neither Pak-Qatar Family Takaful Limited nor "Bank" will incur any liability for the same.
- MCB Islamic Bank's Shari'ah Board is not responsible for making sure the Shari'ah Compliance of the product. It is responsibility of Pak-Qatar Family Takaful Limited Shari'ah Advisor.

ABOUT PAK-QATAR FAMILY TAKAFUL

Pak-Qatar Family Takaful Limited (PQFTL) is the first and largest Family Takaful Company in Pakistan. An independent Shari'ah Advisory Board chaired by Mufti Muhammad Hasaan Kaleem certifies all products and operations for Shari'ah compliance. The institutions in the state of Qatar such as Qatar Islamic Insurance Company (QIIC) and Qatar International Islamic Bank (QIIB). branch networks across Pakistan (over 160 branches in 100+ cities).

پاک قطر فیملی ویلتھ تکافل پلان

پاک قطر فیملی ویلتھ تکافل پلان آپ کی مالی حفاظت اور طویل مدتی بچت و سرمایہ کاری ضروریات کے لیے ہر طرح سے ایک فائدہ مند پلان ہے۔

پاک قطر فیملی ویلتھ تکافل پلان آپ کی تکافل تحفظ کی ضرورت اور بچت میں اضافہ کی خواہش کو اکٹھا کرتا ہے یہ پلان خاندان کے سربراہان کو اس قابل بناتا ہے کہ وہ باقاعدہ بچت کے ذریعے اپنے پیاروں کو ایک باعزت اور آرام دہ زندگی فراہم کریں۔ یہ منصوبہ چھوٹی چھوٹی بچتوں کو یکجا کر کے وقت کے ساتھ ایک بڑے فنڈ میں تبدیل کرتا ہے تاکہ آپ اپنے خاندان کے خواب پورے کر سکیں۔

غور و فکر کا دورانیہ

اگر شریکِ تکافل پلان کے کسی بھی شرائط وضوابط سے مطمئن نہ ہو تو وہ رکنیت کی تاریخ اجراء سے 14 دن کے اندر اندر تحریری درخواست دے کر اپنی رکنیت ختم کرواسکتا ہے۔ تکافل آپریٹر ادا کردہ زرِ تعاون (کنٹریبیوشن) میں سے IFTPF میں دیئے گئے تکافل عطیات کے علاوہ باقی رقم شریکِ تکافل کو واپس کر دے گا۔ نیز تکافل آپریٹر کو رکنیت کیلئے شریکِ تکافل کے طبی معائنے پر ہونے والے اخراجات منہا کرنے کا حق حاصل رہے گا۔

اہلیت

داخلہ کے وقت کم از کم عمر: 18 سال

داخلہ کے وقت زیادہ سے زیادہ عمر: 65 سال

مدت

75 سال کی میچورٹی کی عمر سے مشروط ہے

وفات کی صورت میں ملنے والے فوائد

وفات کی صورت میں ادا کیا جانے والے فائدے کا فارمولا یہ ہے:

کیش ویلیو

+ IFPTF

سرپلس (اگر کوئی ہو) یا سم کورڈ، ان میں سے جو بھی زیادہ ہے۔

انڈیکسیشن

سالانہ بنیادی پلان کے کنٹری بیوشن کو 0 فیصد، 5 فیصد اور 10 فیصد سالانہ مرکب کے حساب سے بڑھایا جاسکتا ہے۔

ٹاپ اپ زرتعاون

شریک تکافل کے پاس رکنیت کی مدت کے دوران کسی بھی وقت ایک اضافی سنگل زرتعاون ادا کرنے کا اختیار ہے۔ کم از کم ٹاپ اپ زرتعاون کی رقم 15,000 روپے ہے۔ ٹاپ اپ زرتعاون سے ایک بار 5 فیصد چارجز کاٹے جائیں گے۔

فنڈ (حکمت عملی)	ممکنہ ریوارڈ
محتاط فنڈ	کم خطرات اور مستحکم بڑھوتری
متوازن فنڈ	متوازن خطرات اور متوازن بڑھوتری
جارحانہ فنڈ	زیادہ رسک زیادہ فوائد
مستحکم منافع	کم رسک فنڈ



پاک قطر فیملی کو شرکاء کی جانب سے موصول ہونے والی رقوم کو دو اکاؤنٹس میں تقسیم کیا جاتا ہے:

شرکاء کا سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIF) اور وقف فنڈ۔

PIF میں موجود رقم کو شرعی اصولوں کے مطابق کاروباری مواقع میں سرمایہ کاری کے لیے استعمال کیا جاتا ہے تاکہ حلال منافع حاصل کیا جاسکے۔ وقف فنڈ میں جمع شدہ رقم کو ''تبرع (عطیہ)'' سمجھا جاتا ہے اور یہ شرکاء کے کلیمز کی ادائیگی کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

سرمایہ کاری کے انتظام اور وقف فنڈ کے انتظامی اخراجات کے عوض وکالہ فیس منہا کی جاتی ہے۔

اگر وقف فنڈ میں کسی سال کے اختتام پر کوئی سرپلس موجود ہو تو اسے شرکاء میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

انوسٹمنٹ مینیجمنٹ (سرمایہ کاری کا انتظام)

پاک قطر نے سرمایہ کاری فنڈ کی تین حکمت عملیاں ترتیب دی ہیں۔ شریک تکافل کی نفع ونقصان برداشت کرنے کی صلاحیت کو مدّنظر رکھتے ہوئے ہر فنڈ میں ایک مختلف سرمایہ کاری حکمت عملی کو اپنایا جاتا ہے۔ آپ کے پاس ایک سال میں کسی بھی وقت تین مرتبہ بغیر کسی چارجز کے ایک سے دوسری حکمتِ عملی میں فنڈ منتقل کرنے کا اختیار ہے۔

کم سے کم زرتعاون (کنٹربیوشن):

سالانہ: 50,000 روپے

ششماہی: 25,000 روپے

مثلاً

جناب اب ج کی عمر 40 سال ہے، خوشحال شادی شدہ زندگی میں ان کے 3 بچے ہیں، جن کی عمریں 7 سال، 5 سال اور 3 سال ہیں۔ اُن کی تکافل رکنیت کے پلان کی تفصیلات اور فوائد ذیل میں بیان کیے گئے ہیں:

فرضی تفصیلات	
عمر	40 سال
رکنیت کی مدّت	20 سال
زرتعاون کی ادائیگی کی مدّت	20 سال
سالانہ زرتعاون	50,000 روپے

فنڈ کی حکمت عملی	متوازن: 100 فیصد
نفع کی متوقع شرح	9 فیصد

قابل ادا فوائد	
میچورٹی پر (کیش ویلیو)	1,850,965 روپے
موت کی صورت میں	کیش ویلیو اور فیس ویلیو میں سے جو بھی زیادہ ہو

رکنیت کی فیس اور خصوصیات:

الف: ایڈمن فیس

مقررہ فیس 165 روپے۔ فی مہینہ (آنے والے سالوں میں 8% کے حساب سے ترتیب دیا گیا)۔

ب: سرمایہ کاری کے انتظام کے چارجز:

صافی اثاثہ جات کا سالانہ 1.50% جو ہر پرائسنگ کے وقت منہا کیے جائیں گے۔

ج۔ جزوی رقم نکلوانے کے چارجز:

رکنیت کے دوران رقم نکلوانے پر کوئی چارج لاگو نہیں ہوں گے۔

د۔ فنڈ تبدیل کرنے کی فیس

کسی بھی سال میں 3 مرتبہ فنڈ کی تبدیلی کرنے کے بعد تکافل آپریٹر فنڈ کی منتقلی پر چارجز لگانے کا حق محفوظ رکھتا ہے، جو کہ فی منتقلی 500 روپے سے زیادہ نہیں ہوں گے۔

ہ۔ ایلوکیشن فیس

سال	باقاعدہ زرتعاون کی شرح
پہلا سال	40%
دوسرے سال	20%
تیسرے سال	10%
چوتھا سال اور اس کے بعد	0%

و۔ بڈ آفر اسپریڈ

مختص کردہ زرتعاون کا 5%

تنبیہ:

- براہ مہربانی اوپر دی گئی مثال کو صرف ایک نمونہ کے طور پر لیں۔ ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی کی نشاندہی نہیں کرتی۔ مارکیٹ میں اتار چڑھاؤ قلیل مدتی کارکردگی کو نمایاں طور پر متاثر کرسکتا ہے۔ سرمایہ کاری کی ویلیو میں اتار چڑھاؤ ہوسکتا ہے۔
- MCB اسلامک بینک یا اس کے متعلقین اس پروڈکٹ کے ضامن یا فراہم کنندہ نہیں اور یہ بینک کی پروڈکٹ نہیں ہے۔ بینک صرف اس سہولت کی فراہمی کے لیے تقسیم کنندہ کے طور پر کردار ادا کر رہا ہے اور اسے اس اسکیم سے خارج ہونے کی صورت میں دعویٰ جات کے تصفیے یا کسی دعوے کے منظور یا مسترد ہونے یا تکافل فراہم کنندہ کی جانب سے کسی عمل یا اخراج کا ذمہ دار نہیں ٹھیرا جاسکتا۔
- پاک قطر فیملی ویلتھ تکافل پلان ایک بچت و سرمایہ کاری پلان ہے جو سرمایہ کاری کے خطرات سے مشروط ہے۔ سرمایہ کاری کا خطرہ شراکت دار برداشت کرے گا اور حقیقی میچورٹی یا دستبرداری کی رقم تجویز شدہ اعداد و شمار سے کم یا زیادہ ہوسکتی ہے۔
- پاک قطر فیملی ویلتھ تکافل پلان کی تمام درخواستیں پاک قطر فیملی تکافل لمیٹڈ کی جانب سے ان کے طے شدہ رہنما اصولوں کے مطابق پروسیس اور منظور کی جاتی ہیں۔ "بینک" کسی بھی صورت میں ان درخواستوں کی پروسیسنگ اور منظوری کا ذمہ دار نہیں ہے۔
- یہ بروشر مذکورہ پلان کے تحت دستیاب فوائد کا محض تعارف پیش کرتا ہے۔ معاہدوں کے طریقہ کار کی تفصیلی وضاحت پارٹیسپنٹ ممبرشپ ڈاکیومنٹ

(PMD) کے ساتھ منسلک "شرائط و ضوابط" میں دی گئی ہے، جو سرٹیفکیٹ کے اجراء کے بعد فراہم کی جائیں گی۔

- سرمایہ کاری فنڈ کی ماضی کی کارکردگی لازمی طور پر مستقبل کی کارکردگی کی علامت نہیں۔ کوئی پیش گوئی مستقبل کا اشاریہ یا فنڈز کی ممکنہ کارکردگی ظاہر نہیں کرتی اور نہ ہی پاک قطر فیملی تکافل لمیٹڈ اور نہ "بینک" اس حوالے سے کسی ادائیگی کا ذمہ دار ہوگا۔
- MCB اسلامک بینک کا شریعہ بورڈ اس پروڈکٹ کا شرعی اصولوں سے ہم آہنگ ہونا یقینی بنانے کا ذمہ دار نہیں ہے۔ یہ پاک قطر فیملی تکافل لمیٹڈ کے شریعہ ایڈوائزر کی ذمہ داری ہے۔

پاک قطر فیملی تکافل کا تعارف

پاک قطر فیملی تکافل لمیٹڈ (PQFTL) پاکستان کی پہلی اور سب سے بڑی فیملی تکافل کمپنی ہے۔ مفتی محمد حسان کلیم کی سربراہی میں ایک آزاد شریعہ ایڈوائزری بورڈ شریعت کی تعمیل کے لیے تمام مصنوعات اور آپریشنز کی تصدیق کرتا ہے۔ کمپنی کو قطر میں قائم ادارے جیسے قطر اسلامک انشورنس کمپنی (QIIC) اور قطر انٹرنیشنل اسلامک بینک (QIIB) کا تعاون حاصل ہے۔ کمپنی کا برانچ نیٹ ورک 100 سے زیادہ شہروں میں 160 سے زیادہ برانچز پر مشتمل ہے۔